سوال

(736) خاوند کا بیویوں میں اخراجات اور لباس میں انصاف کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا شوہر کے لیے واجب ہے کہ وہ اپنی بیویوں میں اخراجات اور لباس کے بارے میں برابری کرے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صحیح تربات یہی ہے جسے شیخ الاسلام (امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ) نے اختیار کیا ہے کہ ان امور میں برابری واجب ہے، کیونکہ برابری نہ کرنا ظلم ہے۔ اس لیے نہیں کہ اس نے واجب ادا نہیں کیا، بلکہ اس لیے کہ وہ عدل کر سکتا تھا مگر نہیں کیا۔ اور اس سے مراد وہ امور ہیں جن کی آدمی طاقت اور قدرت رکھتا ہو، ان ہی میں عدل کرنا واجب ہے۔ اور جن پر اسے قدرت نہ ہو وہ واجب نہیں ہیں، مثلاً مباشرت اور اس کے توابع۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 525

محدث فتویٰ